

# مشق



**1** بہت سے مشکل الفاظ میں "ہ" درمیان میں آتا ہے۔جب بھی "ہ" درمیان میں آتا ہے تو لفظ کی شکل کچھ مختلف بنتی ہے۔مثال کے طور پر "م+ہ+ر" مل کر کچھ یوں لفظ بناتے ہیں: "مہر"۔ آپ کے اس سبق میں بھی کچھ ایسے الفاظ موجود ہیں۔ آیئے ان الفاظ کے توڑ جوڑ کی مشق کرتے ہیں۔

(i) ی + ہ + ی = یہی

(ii) ت + ہ + وار = تہوار

(iii) ب + ہ + ن = بہن

(iv) ن + ہ + یں = نہیں

(v) ک + ہ + یں = کہیں

**2** نیچے دیے گئے جملوں میں کچھ الفاظ کے نیچے لکیر لگائی گئی ہے۔ ان الفاظ کے معانی پر دائرہ بنائیں۔

(i) اے نونہال بچو! محنت سے کام کرنا

ا۔ محنتی ب۔ نیک ج۔ کم عمر



Not For Sale - PESRP

(ii) محنت کے بل پہ ساری دنیا کو رام کرنا۔

ا۔ ناکام ہونا　　ب۔ دنیا کو فتح کرنا　　ج۔ بے بس ہونا

(iii) جو محنت کرے گا اسے راحت ملے گی۔

ا۔ خوشی　　ب۔ خزانہ　　ج۔ دولت

(iv) محنت کی وجہ سے دست کاریاں چل رہی ہیں۔

ا۔ فیکٹریاں　　ب۔ ہاتھ سے چیزیں بنانے کا ہنر　　ج۔ مشینیں

(v) محنت لوگوں کو خزانے کی کان دکھاتا ہے۔

ا۔ جسم کا حصّہ　　ب۔ زمین سے قیمتی چیزیں نکالنے کی جگہ　　ج۔ دُکان

3 نیچے کچھ الفاظ دیے گئے ہیں۔ ان الفاظ کے جملے بنائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| کان | محنت لوگوں کو خزانے کی کان دکھاتا ہے۔ |
| دست کاریاں | محنت کی وجہ سے دست کاریاں چل رہی ہیں |
| راحت | محنت کرنے سے راحت ملتی ہے۔ |
| رام | محنت سے ساری دنیا کو رام کیا جا سکتا ہے۔ |
| نونہال | اے نونہال بچو محنت سے کام کرنا۔ |



Not For Sale - PESRP

**4** نظم لکھنے والے شخص کو شاعر کہتے ہیں۔ شاعر ہر نظم میں کوئی پیغام دیتا ہے۔ شاعر کا دیا جانے والا پیغام مرکزی خیال کہلاتا ہے۔ تین سے چار جملوں میں لکھیں کہ شاعر نے اس نظم میں کیا پیغام دیا ہے۔

شاعر نے اس نظم میں محنت کا سبق دیا ہے اور کہا ہے کہ محنت سے ہی انسان ترقی کی راہ اختیار کرتا ہے اور اس دنیا میں جتنی بھی ترقی ہوئی محنت کی وجہ سے ہی ہے۔

**5** کچھ واحد الفاظ کے شروع اور درمیان میں ''ا'' لگا کر ان کی جمع بنائی جاتی ہیں۔ مثلاً ''فرد'' کی جمع ہے ''افراد''۔ نیچے ٹیبل میں کچھ الفاظ دیے گئے ہیں۔ ان واحد الفاظ کی جمع لکھیں۔

| جمع | واحد |
|---|---|
| اقوام | قوم |
| افواج | فوج |
| اطراف | طرف |
| اعداد | عدد |
| اشکال | شکل |



Not For Sale - P

1 مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کچھ الفاظ کا املا دُرست ہے جب کہ کچھ الفاظ کا املا غلط ہے۔ مثال کو دیکھتے ہوئے ان الفاظ میں سے دُرست املا والے الفاظ پر دائرہ بنائیں۔

| مشطمل | مشتمل | مثتمل |
|---|---|---|
| مگن | مغن | مضن |
| دحول | دہول | دھول |
| الودا | الوداع | الودہ |
| معلومات | معلوماط | مالومات |

2 نیچے دیے گئے جملوں میں کچھ الفاظ کے نیچے لکیر لگائی گئی ہے۔ ان الفاظ کے درست معانی کے گرد دائرہ بنائیں۔

یاسر اور عامر چچا کو الوداع کہنے آئے۔

ا۔شکریہ ادا کرنا　ب۔رخصت ہوتے ہوئے سلام کہنا　ج۔پیغام دینا

عامر نے مانیٹر کے اوپر سے دھول جھاڑی۔

ا۔مٹی　ب۔پانی　ج۔پھول



Not For Sale - PES

(iii) کی-بورڈ بہت سے بٹنوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

ا۔ سے مل کر بنا ہوا     ب۔ رنگا رنگ     ج۔ خالی

(iv) عامر اور یاسر کمپیوٹر چلانے میں مگن ہو گئے۔

ا۔ ماہر     ب۔ ذہین     ج۔ مصروف

**3** ان الفاظ کے جملے بنائیں:

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| مگن | علی اپنے کام میں مگن تھا۔ |
| مشتمل | میرا گھر بہت سے کمروں پر مشتمل ہے۔ |
| ڈھول | میز پر بہت سادی ڈھول ہے۔ |
| الوداع | میں نے اپنی دوست کو الوداع کہا۔ |
| آلہ | کی-بورڈ ایک آلہ ہے۔ |

**4** ان سوالات کے جوابات دیں۔

(i) سی-پی-یو کا کیا کام ہے؟


سی-پی-یو ہمیں معلومات فراہم کرتا ہے۔

(ii) مانیٹر کا کیا کام ہے؟

مانیٹر ہمیں اپنی معلومات دکھاتا ہے۔



Not For Sale - PESRP

(iii) کی-بورڈ کا کیا کام ہے؟

کی-بورڈ کی مدد سے کمپیوٹر کو ہدایات دی جاتی ہیں۔

(iv) عامر اور یاسر کس چیز سے خوفزدہ ہو گئے؟

عامر اور یاسر ماؤس سے خوفزدہ ہو گئے۔

**5** آپ کو یاد ہے کہ فعل کسی کام کے کرنے یا ہونے کے بارے میں بتاتا ہے۔ کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں اور جس پر کام کیا جائے اسے مفعول کہتے ہیں۔

مثلاً حامد نے علی کو پڑھایا

اس جملے میں حامد فاعل، علی مفعول اور پڑھایا فعل ہے۔ دیے گئے جملوں سے فعل، فاعل اور مفعول علیٰحدہ کر کے درست کالم میں لکھیں۔

| جملہ | فعل | فاعل | مفعول |
|---|---|---|---|
| عمران نے کرسی اٹھائی۔ | اٹھائی | عمران | کرسی |
| تحریم نے صابن خریدا۔ | خریدا | تحریم | صابن |
| سامعہ نے چڑیا کو دانہ ڈالا۔ | ڈالا | سامعہ | چڑیا |
| ابّو نے ٹوپی پہنی۔ | پہنی | ابو | ٹوپی |
| علی نے سائیکل صاف کی۔ | صاف کی | علی | سائیکل |



# مشق



**1** مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کچھ الفاظ کا املا دُرست ہے جب کہ کچھ الفاظ کا املا غلط ہے۔ مثال کو دیکھتے ہوئے ان الفاظ میں سے دُرست املا والے الفاظ پر دائرہ بنائیں۔

| گزشط | گذشتہ | غزشتہ |
|---|---|---|
| ترضیب | ترغیب | ترگیب |
| کاصر | قاصر | قاسر |
| فلاع | فلاہ | فلاح |
| خرچھ | کھرچ | خرچ |

**2** نیچے دیے گئے جملوں میں کچھ الفاظ کے نیچے لکیر ہے۔ان الفاظ کے درست معانی پر دائرہ بنائیں۔

(i) حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے گذشتہ دور کی یاد تازہ کر دی۔

ا۔ سنہرے ب۔ گزرا ہوا ج۔ اسلامی

(ii) ہمیں انسانی فلاح کے لئے کام کرنا چاہیے۔

ا۔ برائی ب۔ بھلائی ج۔ دولت



Not For Sale - PESRP





(iii) حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے سپہ سالار کو سادگی کی **ترغیب** دی۔

ا۔ التجا کرنا     ب۔ تلقین کرنا     ج۔ منتخب کرنا

(iv) نعیم آج سکول آنے سے **قاصر** ہے۔

ا۔ ڈرتا     ب۔ ناخوش     ج۔ مجبور

(v) حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے سپہ سالار سے اہم **امور** پر بات کی۔

ا۔ راستوں     ب۔ کاموں     ج۔ انسانوں

**3** مندرجہ ذیل جملوں میں الفاظ کی ترتیب درست کریں۔

(i) ہمارا آؤ کھانا لے۔

ہمارا کھانا لے آؤ۔

(ii) زندگی آپؒ گزارتے تھے بہت سادہ۔

آپؒ بہت سادہ زندگی گزارتے تھے۔

(iii) پریشان بہت ہوئے آپؒ سن یہ کر۔

آپؒ یہ سن کر بہت پریشان ہوئے۔

(iv) کھایا دلیہ جی بھر اس کر نے۔

اس نے دلیہ جی بھر کر کھایا۔

(v) ایک درہم خرچ ہے ہوا اس پر صرف۔

اس پر صرف ایک درہم خرچ ہوا ہے۔

4 نیچے کچھ الفاظ دیے گئے ہیں۔ان الفاظ سے جملے بنائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| امور | استاد نے اہم امور پر بات کی۔ |
| ترغیب | میں نے علی کو کام کرنے کی ترغیب دی۔ |
| گذشتہ | گزشتہ روز میں بیمار تھی۔ |
| قاصر | میں آج سکول حاضر ہونے سے قاصر ہوں۔ |
| فلاح | ہمیں انسانی فلاح کیلئے کام کرنا چاہیے۔ |
| فضول خرچ | ہمیں فضول خرچی نہیں کرنی چاہیے۔ |

5 ان سوالات کے جوابات دیں۔

(i) حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ سرکاری خزانے کو کہاں خرچ کرتے تھے؟

حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ سرکاری خزانے کو عام آدمی کی فلاح کیلئے خرچ کرتے تھے۔



Not For Sale - PESRP





(ii) حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے باورچی سے کیا کہا؟

آپؒ نے باورچی سے کہا کہ خوب لذیذ کھانا تیار کرو اور ساتھ ہی جَو کا دلیہ بھی بناؤ۔

(iii) سپہ سالار کب تک دلیہ کھاتا رہا؟

جب تک اُس کا پیٹ نہ بھر گیا سپہ سالار دلیہ کھاتا رہا۔

(iv) خلیفہ کا فرمان سننے کے بعد سپہ سالار نے کیا عہد کیا؟

خلیفہ کا فرمان سننے کے بعد سپہ سالار نے زندگی سادگی سے گزارنے کا عہد کر لیا۔

**6** نیچے دیے گئے الفاظ میں سے درست الفاظ سے خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ خلیفہ سادہ زندگی گزارتے ----------تھے---------- (تھے، تھا)

ب۔ ان کے دماغ میں ایک ترکیب ----------آئی---------- (آئی، آئے)

ج۔ آپؒ نے سپہ سالار کو پیغام ----------بھیجا---------- (بھیجے، بھیجا)

د۔ بھوک کے مارے اس کا برا حال ----------تھا---------- (تھے، تھا)

ر۔ اس نے جی بھر کے کھانا ----------کھایا---------- (کھائے، کھایا)





# مشق

**1** آپ کو یاد ہے ایسے الفاظ جن کی آوازیں ایک جیسی ہوں ہم آواز الفاظ کہلاتے ہیں۔ مثال کے طور پر 'رہائی' کا ہم آواز لفظ 'جدائی' ہے۔ نیچے دیے گئے الفاظ کے دو، دو ہم آواز الفاظ لکھیں۔

| الفاظ | ہم آواز الفاظ | ہم آواز الفاظ |
|---|---|---|
| شان | بان | کان / جان |
| دائیں | بائیں | آئیں |
| اکیلی | سہیلی | پہیلی |
| کہے | رہے | بہے |
| اُڑتی | مُڑتی | جُڑتی |

**2** نیچے دیے گئے جملوں میں کچھ الفاظ کے نیچے لکیر لگائی گئی ہے۔ ان الفاظ کے معانی پر دائرہ بنائیں۔

(i) ٹوٹ بٹوٹ کی موٹر کار کی <u>شان</u> الگ ہے۔

ا۔ انداز ب۔ قیمت ج۔ رنگ

(ii) ٹوٹ بٹوٹ نے نزالی کار خریدی ہے۔

ا۔ نئی ب۔انوکھی ج۔ مہنگی

(iii) فاطمہ بہت سیانی ہے۔

ا۔ چست ب۔ سست ج۔عقل مند

(iv) ٹوٹ بٹوٹ کی کار کا اللہ بیلی ہے۔

ا۔ بنانے والا ب۔ حفاظت کرنے والا ج۔چلانے والا

**3** ان الفاظ کے جملے بنائیں:

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| نزالی | ٹوٹ بٹوٹ نے نزالی کار خریدی ۔ |
| سیانی | فاطمہ بہت سیانی ہے ۔ |
| بیلی | ٹوٹ بٹوٹ کی کار کا اللہ بیلی ہے ۔ |
| شان | اللہ کی شان بے مثال ہے۔ |


Not For Sale - PESRP

**4** ان سوالات کے جواب دیں۔

(i) ٹوٹ بٹوٹ کی موٹر کار کی کتنی سیٹیں اور کتنے پہیے ہیں؟

لوٹ بٹوٹ کی موٹر کار کی دو سیٹیں اور

دو پہیے ہیں۔

(ii) ٹوٹ بٹوٹ کی موٹر کار کے کتنے انجن اور ہارن ہیں؟

لوٹ بٹوٹ کی موٹر کار کے تین انجن اور

چار ہارن ہیں۔

(iii) ٹوٹ بٹوٹ کی موٹر کار کی شان کیسی ہے؟

لوٹ بٹوٹ کی موٹر کار کی شان بہت

نرالی ہے۔

(iv) نظم ''ٹوٹ بٹوٹ کی موٹر کار'' کس نے لکھی ہے؟

نظم لوٹ بٹوٹ کی موٹر کار صوفی غلام

مصطفیٰ تبسم نے لکھی ہے۔

5 آپ کو یاد ہے کہ شاعر کا دیا جانے والا پیغام مرکزی خیال کہلاتا ہے۔ تین سے چار جملوں میں لکھیں کہ شاعر نے اس نظم میں کیا پیغام دیا ہے؟

شاعر نے اس نظم میں یہ پیغام دیا ہے کہ لوٹ بٹوٹ کی موٹر کار نرالی ہے۔ یہ دوسری کاروں سے مختلف ہے۔ اس میں بہت سی خوبیاں ہیں۔ لوگ اس کے بارے میں مختلف رائے رکھتے ہیں

6 نیچے ٹیبل میں کچھ الفاظ دیے گئے ہیں۔ ان الفاظ کے متضاد لکھیں۔ یاد رکھیں کہ متضاد الفاظ ایسے الفاظ ہوتے ہیں جن کے معانی اصل الفاظ کے بالکل الٹ ہوتے ہیں۔ مثلاً "دور" کا متضاد ہے "نزدیک"

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| سستا | مہنگا |
| گندا | صاف |
| شروع | ختم |
| جنگ | آزادی |



Not For Sale - P

**1** مثال کو دیکھتے ہوئے درُست لفظ کے نیچے دائرہ بنائیں اور اُسے خالی جگہ میں لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیاہ | صیاہ | سیاح | سیاہ |
| ابور | عبور | اوبور | عبور |
| حادثا | حادثہ | ہادثہ | حادثہ |
| شفکت | شفقت | سفقت | شفقت |
| اجر | اضر | اغر | اجر |
| عحد | عہد | عھد | عہد |

**2** نیچے دیے گئے جملوں میں کچھ الفاظ کے نیچے لکیر لگائی گئی ہے۔ ان الفاظ کے درست معانی کے گرد دائرہ بنائیں۔

(i) بلی کے لئے چلنا دشوار تھا۔

ا۔ بہت آسان　　ب۔ مشکل　　ج۔ ممکن

(ii) سڑک عبور کرتے ہوئے دائیں بائیں دیکھنا چاہیے۔

ا۔ بیٹھتے　　ب۔ بھاگتے　　ج۔ پار کرنا



Not For Sale - PESRP

(iii) ہمیں جانوروں پر شفقت کرنی چاہیے۔

ا۔ مہربانی ب۔ معافی ج۔ شکار

(iv) اللہ تعالیٰ جانوروں کی مدد کرنے کا اجر دے گا۔

ا۔ ثواب ب۔ معافی ج۔ رقم

(v) دادا جان نے دونوں بچوں سے عہد لیا۔

ا۔ کام ب۔ وعدہ ج۔ خدمت

**3** ان الفاظ کے جملے بنائیں:

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| اجر | اللہ تعالیٰ نیک کاموں کا اجر دیتا ہے۔ |
| عہد | میں نے فاطمہ سے عہد لیا۔ |
| شفقت | ہمیں جانوروں پر شفقت کرنی چاہیے۔ |
| عبور | میں نے سڑک عبور کی۔ |
| دشوار | یہ کام میرے لیے دشوار ہے۔ |

**4** ان سوالات کے جواب دیں۔

(i) سمیرا کا گھر کہاں تھا؟

سمیرا کا گھر شاداب نگر میں ایک باغ کے سامنے واقع تھا۔

(ii) سمیرا کے چچا کیا کام کرتے تھے؟

سمیرا کے چچا جانوروں کے ڈاکٹر تھے۔

(iii) چھٹی کے دِن سمیرا سے کون ملنے آیا؟

چھٹی کے دن سمیرا کا ماموں زاد بھائی شارق اس سے ملنے آیا۔

(iv) جانوروں پر شفقت کے بارے میں دادا جان نے کیا کہا؟

"بے شک اللہ انسانوں کے ساتھ ساتھ جانوروں پر بھی رحم کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ جانور بھی ہماری شفقت کے حقدار ہیں۔"



Not For Sale - PESRP





**5** ایسے الفاظ جِن کے معانی ایک جیسے ہوں، ہم معانی الفاظ کہلاتے

مثال کو دیکھیں اور ( ) میں دیے گئے الفاظ کے ہم معانی الفاظ سے جُملے م

کریں۔

مثال: سمیرا کو سیاہ بلی نظر آئی۔ ( کالی)

(i) سمیرا بلی کو گھر کے ___[صحن]___ میں لے آئی۔ (

(ii) اچھے کام کا ___[اجر]___ ضرور ملتا ہے۔ (ثوا

(iii) بلی گھر کے باہر ___[نیم]___ بے ہوشی کی حالت میں تھی۔ (آدھ

(iv) ہمیں ہر جاندار کی ___[حفاظت]___ کرنی چاہیے۔ (دیکھ بھا

## مشق

**1** مثال کو دیکھتے ہوئے دُرست لفظ پر دائرہ بنائیں اور اُسے خالی جگہ میں لکھیں۔

| لپکا | لپکہ | لپقا | لپکا |
| --- | --- | --- | --- |
| حسپتال | ہسپتال | ھصپتال | ہسپتال |
| صاہب | صاحب | صاھب | صاحب |
| فلاہ | فلاء | فلاح | فلاح |
| سحولت | صہولت | سہولت | سہولت |
| دکھائی | دکہائی | دکحائی | دکھائی |

**2** نیچے دیے گئے جملوں میں کچھ الفاظ کے نیچے لکیر لگائی گئی ہے۔ ن الفاظ کے درست معانی کے گرد دائرہ بنائیں۔

(i) سعدیہ امّی جان کا شدّت سے انتظار کر رہی تھی۔

ا۔ غصّے سے ب۔ خوشی سے ج۔ بہت زیادہ

(ii) امّی جان نے لپک کر سڑک پار کرنا چاہی۔

ا۔ پیدل ب۔ احتیاط سے ج۔ تیزی سے

(iii) امّی اور ابّا پریشانی کے عالَم میں کھڑے تھے۔

ا۔ ایمرجنسی　　ب۔ حالت　　ج۔ ہسپتال

(iv) امّی حسبِ معمول دیر سے آئیں۔

ا۔ روزانہ کی طرح　　ب۔ مرضی کے خلاف　　ج۔ زبردستی

(v) سعدیہ نے امّی کا ہاتھ بٹانے کا عہد کیا۔

ا۔ ہاتھ دبانا　　ب۔ مدد کرنا　　ج۔ حکم ماننا

**3** ان الفاظ کے جملے بنائیں:

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| حسبِ معمول | امی حسب معمول دیر سے آئیں۔ |
| ہاتھ بٹانا | میں نے امی کا ہاتھ بٹایا۔ |
| لپکا | میں نے لپک کر سڑک پار کی۔ |
| عالَم | ہر طرف پریشانی کا عالم ہے۔ |
| مصروف | میں کام کرنے میں مصروف ہوں۔ |





**4** ان سوالات کے جواب دیں۔

(i) سعدیہ امی سے کیوں ناراض تھی؟

سعدیہ امی سے اس لیے ناراض تھی کیونکہ امی ہر روز دیر سے گھر آتی تھیں۔

(ii) امی کی آنکھ کہاں کھلی؟

امی کی آنکھ ہسپتال میں کھلی۔

(iii) ایدھی ایمبولینس کی سہولت استعمال کرنے کے لئے کون سا ٹیلی فون نمبر ملایا جاتا ہے؟

ایدھی ایمبولینس کی سہولت استعمال کرنے کیلئے ٹیلی فون سے 115 نمبر ملایا جاتا ہے۔

(iv) سعدیہ نے کیا عہد کیا؟

سعدیہ نے یہ عہد کیا کہ وہ اپنی امی کو نیک کام سے نہیں روکے گی بلکہ اُن کا ہاتھ بٹائے گی۔



Not For Sale- PESRP

5 حرفِ جار ایسا لفظ ہے جو کسی اِسم کے بعد آتا ہے اور اِسم اور
اِسم اور اِسم کا تعلق بیان کرتا ہے۔ مثلاً: کتاب میز پر ہے۔ اس جملے میں
بتا رہا ہے کہ میز اور کتاب میں کیا تعلق ہے۔ دی گئی خالی جگہوں
مناسب حرفِ جار سے پُر کریں۔

میں ، پر ، درمیان ، تک ، باہر

(i) گلاس میز ___باہر___ ہے۔

(ii) دودھ جگ ___میں___ ہے۔

(iii) مجھے کشمیر ___تک___ جانا ہے۔

(iv) درخت گھر کے ___باہر___ ہے۔

(v) علی ، زاہد اور حامد کے ___درمیان___ کھڑا ہے۔



Not For Sale - PESRP